StudentBounty.com

Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions – 10

# S — 72 — Urdu (T.L.)

No. of Printed Pages – 7

## SECONDARY EXAMINATION, 2014

## URDU

( Third Language )

Time : $3\frac{1}{4}$ Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات:

i) طلبہ/طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

StudentBounty.com



1. مندرجہ ذیل اقتباسات نثر میں سے کسی **ایک** اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کے تحریر کریں: 5

(الف) کبھی کبھی کھانے میں وٹامن-A کی کمی کی وجہ سے بینائی کم ہو جاتی ہے۔اس کے علاوہ بہت سے بچّے حادثوں میں اپنی بینائی کھو بیٹھتے ہیں۔بچّو! وٹامن-A کی کمی پورا کرنے کے لئے اپنے کھانے میں ہری سبزیاں، گاجر، پیلے پھل، آم، پپیتا، کدو وغیرہ مناسب مقدار میں استعمال کرنا چاہیئے۔ ساتھ ہی گُلّی ڈنڈے اور پٹاخوں یا نکیلی چیزوں سے اپنی آنکھوں کی خاص طور پر حفاظت کرنا چاہیئے۔ کبھی کبھی گندگی سے بھی آنکھیں خراب ہو جاتی ہیں، آنکھوں کو ہمیشہ صاف پانی سے دھوتے رہنا چاہیئے۔

(ب) رضیہ نے تخت نشینی کے بعد نہایت بہادری سے مشکلوں کا ڈٹ کر مُقابلہ کیا۔ وہ فوج کی کمان خود سنبھالتی تھی۔ اس نے بادشاہوں کی طرح ''قبا'' اور ''کلاہ'' پہنی۔اپنے نام کے سکّے جاری کئے، سَلطنت میں امن قائم کیا، انتظام کو بہتر بنایا اور عوام کی خوشحالی کا ہر طرح سے خیال رکھا۔تجارت کو فروغ دیا، سڑکیں بنوائیں اور درخت لگوائے اور کُنویں کُھدوائے اس نے مدرسے اور سرکاری کُتب خانے بھی قائم کئے۔رضیہ سُلطان کو خود بھی پڑھنے لکھنے کا شوق تھا۔

2. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب مختصراً تحریر کیجئے: $5 \times 1 = 5$

(i) اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا؟

(ii) صحت کے لئے کیا کیا چیزیں ضروری ہیں؟

(iii) اردو کہاں پیدا ہوئی؟

(iv) ڈاکٹر امبیڈکر کا اصلی نام کیا تھا؟

(v) ہندوستان کی پہلی خاتون حُکمراں کون تھی؟

StudentBounty.com



3. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب تفصیل سے لکھیں: 2 × 3 = 6

(i) ''لین'' شو نے لفافے پر کیا پتہ لکھا؟

یا

مواصلاتی نظام کسے کہتے ہیں؟

(ii) وزیر علی کے افسانے سُن کر کس کے کارنامے یاد آتے ہیں؟

یا

اونتی نے زمین کا مرکز کہاں بتایا؟

4. مندرجہ ذیل اقتباسات نظم میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کریں۔ شاعر اور نظم کا نام بھی لکھیں : 5

ٹینک آگے بڑھیں کہ پیچھے ہٹیں
کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے
فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ
زندگی میّتوں پہ روتی ہے

یا

چمن کِھلا کِھلا سا ہے
اُفق دُھلا دُھلا سا ہے
دیئے جلاؤ راہ میں وطن کا نو سِنگھار ہے
نئی نئی بہار ہے
قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو!

StudentBounty.com



5. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تحریر کریں:   5 × 1 = 5

(i) نظیر اکبر آبادی کا پورا نام تحریر کیجئے۔

(ii) آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی   اب کسی بات پر نہیں آتی۔

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(iii) ناداں نہ ہو ''خرد'' پہ جو ہونا ہے ہو وہی

اس مصرع میں خرد کے کیا معنی ہیں؟

(iv) ڈاکٹر علّامہ اقبال کی کسی ایک مشہور نظم کا نام لکھئے۔

(v) اُردو غزل کا اِمام کسے کہا جاتا ہے؟

6. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب تفصیل سے لکھیں:   2 × 3 = 6

(i) غالبؔ کے کلام کی نمایاں خصوصیات بتائیے۔

یا

میر انیسؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے اُن کا پورا نام تحریر کیجئے۔

(ii) ''قدم بڑھاؤ دوستو'' سے شاعر کی کیا مُراد ہے؟

یا

پہاڑ نے گلہری سے ڈوب مرنے کو کیوں کہا؟

7. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔   8 × 3 = 24

(i) فعل کی تعریف لکھیں۔

(ii) مندرجہ ذیل محاوروں میں سے صرف تین کے معنی لکھیں۔

(۱) دانتوں میں انگلیاں دبانا   (۲) دانت کھٹے کرنا   (۳) پھولے نہ سمانا

(۴) آگ بگولہ ہونا۔

StudentBounty.com



(iii) نیچے لکھے ہوئے لفظوں کی جمع تحریر کیجئے :

(ا) منزِل (۲) جواب (۳) ٹوپی۔

(iv) نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے مُتضاد لکھئے :

(ا) بہادر (۲) محبت (۳) دُشمن۔

(v) نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے مُذکر تحریر کیجئے :

(ا) بیٹی (۲) عورت (۳) شہزادی۔

(vi) نیچے لکھے ہوئے مرکب اضافی میں سے مضاف اور مضاف الیہ لکھئے :

(ا) مادرِوطن (۲) نہر کا پانی (۳) شامِ غزل۔

(vii) اِسم خاص کی تین مثالیں لکھئے :

(viii) نیچے دیئے گئے لفظوں پر لاحقے لگائیں :

(ا) جان (۲) کام (۳) نام۔

8. مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیں : 4 × 2 = 8

''ہندوستان میں تاریخی عمارتیں بہت کثرت سے ہیں جن میں لال قلعہ، قطب منار، جامع مسجد، تاج محل، فتح پورسیکری کا بُلند دروازہ بہت مشہور ہیں۔ یہ ساری عمارتیں مُغل بادشاہوں کی بنوائی ہوئی ہیں۔ لال قلعہ اور قُطب منار دہلی میں ہیں تاج محل آگرہ میں اور بُلند دروازہ فتح پورسیکری میں ہے۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس کا مُناسب عنوان لکھیں۔

(ii) ہندوستان میں کون سی عمارتیں کثرت سے ہیں؟

(iii) تاج محل کس شہر میں ہے؟

(iv) دہلی میں کون کون سی عمارتیں ہیں؟

StudentBounty.com



9. اپنے دوست کی شادی پر اسکو مبارک باد کا خط تحریر کیجئے۔ 8

یا

اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹر کو تین دن کی چھٹی کے لئے ایک درخواست تحریر کیجئے۔

10. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** عنوان پر تقریباً سو الفاظ میں مضمون لکھیں۔ ساتھ میں دیے گئے اشاروں کو بھی استعمال کریں: 8

عید کا دِن/ دیوالی/ امتحان کی تیاری

(i) **عید کا دِن**

اشارات:

رمضان کے روزے

چاند

عید کی تیاری

کپڑے

درزِی

سویّاں اور اُن سے تیار کی گئی چیزیں۔

(ii) **دیوالی:**

اشارات:

دیوالی

رام لیلا

نوراترا

گھروں کی صفائی

دئے جلانا

مٹھائیاں

پکوان

کپڑوں کی تیاری

StudentBounty.com



(iii) **امتحان کی تیاری:**

اشارات :

کتابیں

کورس پورا کرنا

تیاری

دن رات محنت وغیرہ وغیرہ